
The Bell Foundation

# انگریزی تعلیمی نظام کے متعلق: پرائمری اسکولز

## ان بچوں کے والدین کے لئے ہدایت نامہ جو انگریزی کو بطور اضافی زبان (EAL) استعمال کرتے ہیں




### اس ہدایت نامہ میں کس بات کا احاطہ کیا گیا ہے؟

یہاں آپ کو عملی معلومات مل سکتی ہیں جو کہ آپ کے بچے کے لئے اسکولز میں جگہ تلاش کرنے اور انگریزی نظام تعلیم سمجھنے میں مدد دے سکتی ہیں۔

انگلینڈ میں مختلف قسم کے اسکول ہیں، ان میں کچھ ایسے اسکول بھی شامل ہیں جن میں والدین کو فیس ادا کرنی پڑتی ہے (مثلاً فیس ادائیگی والے / خود مختار / نجی اسکول)۔

یہ ہدایت نامہ آپ کو ان انگریزی اسکولوں کے بارے میں بتاتا ہے جہاں پر آپ کو فیس ادا نہیں کرنی پڑتی (مثلاً ریاستی سکول)۔ ریاستی اسکولوں کی مختلف اقسام ہیں بشمول:

- مقامی اتھارٹی (LA) اسکولز – جنہیں مقامی حکومت فنڈ فراہم کرتی ہیں
- اکیڈمیاں اور مفت اسکولز – جنہیں وفاقی حکومت فنڈ فراہم کرتی ہے، یہ اکثر کسی ٹرسٹ کا حصہ ہوتے ہیں
- عقائدی اسکول – کسی مخصوص مذہب سے وابستہ ہوتے ہیں

آپ، کل وقتی یا جز وقتی طور پر، اپنے بچے کو گھر پر پڑھانے کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں۔ یہ گھر پر تعلیم (یا اختیاری گھر پر تعلیم یا ہوم اسکولنگ) کہلاتی ہے۔ یہاں پر مزید جانیں: **https://www.gov.uk/home-education**




## 1. میں کیسے اپنے بچے کے لئے اسکول میں جگہ تلاش کر سکتا / سکتی ہوں؟

اسکول میں اپنے بچے کے لئے جگہ معلوم کرنے کے لئے اپنی مقامی کونسل (جو مقامی اتھارٹی یا LA بھی کہلاتی ہے) سے رابطہ کریں کیونکہ:

- اگر آپ کے بچے کی عمر 5 سے 16 سال ہے تو مقامی کونسل کے لئے لازم ہے کہ وہ مقامی علاقے میں اسکول میں جگہ تلاش کرے
- آپ کو اسکول میں داخلے کے متعلق مزید معلومات یہاں سے مل سکتی ہیں: **https://www.gov.uk/schools-admissions**

**آپ کی پسند کے اسکول کا فیصلہ کرنے میں مدد کے لئے یہاں پر کچھ خیالات موجود ہیں:**

- اوپن ایوننگز کے دوران اسکول تشریف لائیں
- ان کی اسکول ویب سائٹ دیکھیں
- ان کی تازہ ترین Ofsted انسپیکشن رپورٹ کا مطالعہ کریں: **https://reports.ofsted.gov.uk**
- اسکول کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیں: **https://www.compare-school-performance.service.gov.uk**
- دوسرے والدین سے بات کریں کہ وہ اسکول کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں

**جب آپ کو آپ کی پسند کے اسکول کا علم ہو جائے، تو آپ کو ضرورت ہو گی:**

- آن لائن درخواست فارم پر کریں، جس میں اپنی پسند کے چند اسکولوں کا بتائیں
- پرائمری اسکول ایپلیکیشن کے لئے اپنا کیچمنٹ ایریا شامل کریں
- چونکہ اسکول ایپلیکیشن جمع کروانے کاعمل پیچیدہ ہو سکتا ہے اس لئے مقامی کونسل کی اسکول کی داخلہ ٹیم [CB2] سے مدد طلب کریں
- دیگر افراد، کمیونٹی گروپس یا مترجم جو آپ کی مدد کر سکتے ہیں، کی معاونت کونسل سے طلب کریں

## 2. میرا بچہ کس عمر میں اسکول شروع کرے گا؟

انگلینڈ میں تمام بچوں کو اپنی پانچویں سالگرہ کے بعد کل وقتی تعلیمی مدت لازمی شروع کر دینی چاہیئے۔ تاہم، اکثر بچے چار سال کے ہونے کے بعد ستمبر میں ریسیپشن کلاس میں داخل ہو جاتے ہیں۔

آپ کے بچے کو کب سکول شروع کر دینا چاہیئے اس بارے میں مزید معلومات کے لئے اپنی مقامی اتھارٹی یا اسکول سے رابطہ کریں۔

## 3. میں اسکول ٹرم اور چھٹیوں کی تاریخوں کے بارے میں کیسے جان سکتا / سکتی ہوں؟

تختلف مواعيد الفصل الدراسي والعطلة في جميع أنحاء إنجلترا.

تواصل مع المدرسة لمعرفة التواريخ أو ادخل على الموقع الإلكتروني: **https://www.gov.uk/school-term-holiday-dates**


کاپی رائٹ© دی بیل ایجوکیشنل ٹرسٹ لیمیٹڈ (دی بیل فاؤنڈیشن کے نام سے کام کر رہا ہے) اکتوبر 2020

## 4. میں اسکول سے کیا توقع کر سکتا / سکتی ہوں؟

نئے والدین اسکول پراسپیکٹس یا خیر مقدمی کتابچہ پڑھیں اور ویب سائٹ ملاحظہ کریں؛ اگر ضرورت ہو تو معلومات کے ترجمہ کے لئے اسکول سے مدد طلب کریں۔

### آپ کے بچے کے لئے، وہاں ہو گا:

- آپ کے بچے کی اسکول ہم آہنگی میں مدد کے لئے تعارفی سرگرمیاں
- ہم عمر 30 بچوں پر مشتمل کلاس میں جگہ
- ایک ہی ٹیچر اسباق کا باقاعدہ ٹائم ٹیبل پڑھائے گا
- کچھ اسباق (مثلا فزیکل ایجوکیشن (PE) اور موسیقی) ممکنہ طور پر مخصوص ٹیچر پڑھائیں گے
- مکمل نصاب تک رسائی – مزید معلومات کے لئے ذیل میں دیکھیں
- ہوم ورک کمرہ جماعت میں سیکھے گئے کام سے متعلق ہوتا ہے
- جامع طرز عمل جہاں تمام بچوں کے ساتھ یکساں برتاؤ کیا جاتا ہے

### میرا بچہ اسکول میں مزید کیا کرے گا؟

آپ کا بچہ حصہ لے سکے گا غیر نصابی سرگرمیوں، اسکول کے تفریحی دوروں اور دیگر تقریبات بشمول:

- اسمبلیوں اور اجتماعی عبادت کے مواقع پر
- غیر نصابی سرگرمیوں اور کلبوں میں مثلاً اسپورٹس، موسیقی اور ڈرامہ
- اسکول کے تفریحی دورے: دلچسپی کی جگہوں/ تھیٹرز/ اسپورٹس تقریبات
- کلاس اسمبلیوں اور پروڈکشنز میں: بچوں کی کارکردگی دیکھنے کے لئے
- سماجی تقریبات اور فنڈز اکٹھا کرنے کی تقریبات میں جیسا کہ اسپورٹس ڈیز، سمر اور کرسمس میلے، ڈسکوز اور کوئزز



### مجھے کیسے علم ہو گا کہ اسکول میں کیا ہو رہا ہے؟

اسکول باقاعدگی سے آپ کے ساتھ رابطہ رکھے گا تا کہ آپ کے علم میں ہو کہ آپ کے بچے کی کلاس میں کیا ہو رہا ہے۔ اسکول مراسلت کی مختلف شکلیں استعمال کریں گے بشمول:

- اسکول ویب سائٹ: اہم تاریخیں، معلومات اور اعلانات
- نوٹیفیکیشنز: متنی پیغامات، سوشل میڈیا (مثلاً ٹوئٹر) اور ایپس
- آن لائن سسٹمز: اسکول طعام اور والدین کی شام کی ملاقات
- ای میلز اور خطوط: اسکول، کمرہ جماعت اور تعطیل کی معلومات
- پیرنٹس ایوننگز اور رپورٹس: روبرو ملاقات اور رپورٹس
- ملاقات اور معلوماتی ایوننگز: اسکول کی زندگی اور مضامین کے متعلق
- براہ راست رابطہ: روبرو گفتگو بذریعہ فون یا ای میل



کھیل کے میدان میں دیگر والدین سے بات چیت کر کے مزید معلومات حاصل کریں۔

## 5. اسکول مجھ سے کیا توقع رکھے گا؟





**بطور والدین، آپ سے توقع کی جائے گی:**

- اپنے بچے کو روزانہ وقت پر اسکول بھیجیں، ماسوائے وہ بیمار ہوں، ان کی ملاقات طے ہو یا کوئی مذہبی تعطیل ہو۔ تفصیلات معلوم کریں
  یہاں پر اپنی مقامی کونسل سے مفت اسکول ٹرانسپورٹ کے بارے میں:
  **https://www.gov.uk/free-school-transport**
- اپنے بچے کی غیر حاضری کے متعلق بتانے کے لئے اسکول سے رابطہ کریں۔ اگر ممکن ہے تو اسکول کو پیشگی مطلع کریں۔
- صرف اسکول کی تعطیلات میں اپنے بچے کو چھٹی پر لے کر جائیں۔ اگر آپ دوران ٹرم اپنے بچے کو چھٹی پر لے جانے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کو جرمانہ ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے اسکول سے بات کریں یا یہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں:
  **https://www.gov.uk/school-attendance-absence**
- اپنے بچے یا خاندان کی اہم تقریبات یا واقعات کے متعلق اسکول کو بتائیں۔ وہ آپ سے تعاون کرنے کی اپنی بہترین کوشش کریں گے۔
- طبی تفصیلات اور رابطہ تفصیلات فراہم کریں
- یہ بتانے کے لئے کہ آپ کا بچہ اسکول ٹرپس پر جا سکتا ہے، تصویریں بنوا سکتا ہے وغیرہ وغیرہ کے لئے رضامندی فارم مکمل کریں۔



## 6. اسکول میں کون کون ہے؟



تصاویر اور نام دیکھنے کے لئے اسکول پراسپیکٹس یا اسکول کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں اسٹاف ممبرز کی؛ یہ بعض اوقات اسکول کے داخلی دروازے پر بھی آویزاں ہوتی ہیں۔

اسکول سے پوچھیں کہ کون سے اسٹاف ممبرز آپ کے بچے کے ساتھ کام کریں گے۔ ان میں شامل ہو سکتے ہیں:

- سینئیر لیڈرز – مثلاً ہیڈ ٹیچر، ڈپٹی ہیڈ ٹیچر
- آفس اسٹاف – مثلاً اسکول ریسیپشنسٹ
- ٹیچنگ اسٹاف – مثلاً کلاس ٹیچر اور ٹیچنگ اسسٹنٹ
- پیسٹورل اسٹاف – مثلاً ہوم اسکول آفیسر یا لرننگ مینٹر
- ماہرین اسٹاف - مثلاً EAL ٹیچرز (انگریزی بطور اضافی زبان) ، SENDCo (کوآرڈینیٹر برائے خصوصی تعلیمی ضروریات و معذوری)، نامزد سیفگارڈنگ لیڈ ٹیچر (DSL)




کاپی رائٹ© دی بیل ایجوکیشنل ٹرسٹ لیمیٹڈ (دی بیل فاؤنڈیشن کے نام سے کام کر رہا ہے) اکتوبر 2020

## 7. اسکول میں کیا سکھایا اور جانچا جاتا ہے؟

آپ کا بچہ کس فیز، اسٹیج اور سال گروپ میں ہو گا- اور اس کے کون سے جائزے / ٹیسٹس/امتحانات ہوں گے کے بارے میں جاننے کے لئے براہ مہربانی درج ذیل جدول دیکھیں:

| فیز | اسٹیج | گروپ سال | عمر کی حد | جائزے/ ٹیسٹس / امتحانات | پڑھے گئے مضامین |
|---|---|---|---|---|---|
| پرائمری | سال برائے ابتدائی بنیادی اسٹیج (EYFS) | ریسیپشن سال | 4-5 | ریسیپشن کا اختتام: EYFS کی پروفائل مکمل ہو گئی | رابطہ اور زبان، جسمانی نشوونما، ذاتی، معاشرتی اور جذباتی نشوونما، خواندگی، ریاضی، فہم عالم، اظہار بذریعہ آرٹس اور ڈیزائن |
| | کلیدی اسٹیج 1 | سال 1<br>سال 2 | 5-6<br>6-7 | سال 1 کا اختتام: فونکس اسکریننگ چیک کریں<br>سال 2 کا اختتام: کلیدی اسٹیج 1 SATs ٹیسٹس | انگریزی، ریاضی، سائنس، ڈیزائن اور ٹیکنالوجی (DT)، تاریخ، جغرافیہ، آرٹ اور ڈیزائن، موسیقی، فزیکل ایجوکیشن (PE، بشمول سوئمنگ)، کمپیوٹنگ |
| | کلیدی اسٹیج 2 | سال 3<br>سال 4<br>سال 5<br>سال 6 | 7-8<br>8-9<br>9-10<br>10-11 | سال 3-5 جاری اندرونی جائزے<br>سال 6 کا اختتام: کلیدی اسٹیج 2 SATs ٹیسٹس | انگریزی، ریاضی، سائنس، ڈیزائن اور ٹیکنالوجی (DT)، تاریخ، جغرافیہ، آرٹ اور ڈیزائن، موسیقی، فزیکل ایجوکیشن (PE، بشمول سوئمنگ)، کمپیوٹنگ، قدیم اور جدید غیر ملکی زبانیں |

مزید معلومات حاصل کریں: **https://www.gov.uk/national-curriculum**

## 8. میرے بچے کو کس چیز کی ضرورت ہو گی؟



**اپنے بچے کے اسکول سے پوچھیں کہ آیا اسکول کا یونیفارم ہے اور اسے کہاں سے خریدیں۔**

- انگلینڈ میں زیادہ تر اسکول توقع رکھتے ہیں کہ بچے اسکول کا یونیفارم پہنیں لیکن بعض نہیں پہنتے
- آپ کے بچے کا اسکول خریدنے والی اشیاء کی فہرست فراہم کرے گا اور آپ کو یہ بتائیں گے کہ یہ کہاں سے خریدی جا سکتی ہیں؛ PE کٹ اور سوئمنگ کٹ کے بارے میں بھی پو چھیں
- اگر آپ کو مالی مشکلات درپیش ہیں، تو اپنے اسکول سے بات کریں کہ وہ شاید اس ضمن میں آپ کی مدد کر سکیں

**اپنے اسکول سے پڑھائی کے سامان کے متعلق پوچھیں، جن میں شامل ہو سکتے ہیں:**



- اسکول سے کتابیں، ہوم ورک اور خطوط پڑھنے کے لئے کتابی بستہ
- PE کٹ، پیک شدہ لنچ اور دیگر سامان کے لئے ایک پشتی تھیلا
- اسٹیشنری مثلاً پین، پینسل وغیرہ کے لئے پنسل کیس
- ایک کیلکیولیٹر اور دیگر ریاضٰی کا سامان

**اپنے بچے کے لئے اپنے اسکول سے لنچ طعام کے اختیارات کے متعلق پوچھیں، جس میں شامل ہے:**

- اسکول طعام – بعض اوقات اسکول لنچ یا ڈنر کہلاتا ہے
- پیک شدہ لنچ – گھر سے لے کر آتے ہیں
- ہوم ڈنر – لنچ کے لئے گھر جانا



**اسکول طعام مینو، لاگت اور ادائیگی کیسے کرنی ہے کے متعلق اسکول سے پوچھیں، کیونکہ:**

- اسکول خصوصی غذائی تقاضوں میں بھی تعاون کر سکتا ہے، مثلاً حلال طعام
- ریسیپشن میں بچے، سال 1 اور سال 2 میں مفت سکول طعام ملتا ہے
- اگر خاندان کچھ مراعات حاصل کرتا ہے تو دیگر بچے بھی مفت اسکول طعام (FSM) وصول کر سکتے ہیں۔ آپ یہاں پر مزید معلوم کر سکتے ہیں: **https://www.gov.uk/apply-free-school-meals**

## 9. جن طلبہ کو ضرورت ہو ان کے لئے کیا اضافی معاونت موجود ہے؟



- جذباتی، معاشرتی و روحانی (Pastoral) معاونت: گھر یا اسکول کے متعلق کسی بھی پریشانی میں مدد فراہم کرنا
- نامزد سیف گارڈنگ لیڈ: شدید تشویشات میں مدد کرنا
- انگریزی زبان (EAL) میں معاونت: کلاس میں انگریزی سیکھنے میں مدد کرنا
- پڑھائی میں معاونت: اگر آپ کے بچے کو خصوصی تعلیمی ضروریات یا معذوری لاحق ہے
- بیرونی ایجنسیاں: بچوں کی معاونت کے لئے ماہرین کا اسکول کی مدد کرنا

## 10. میں سیکھنے میں کس طرح اپنے بچے کی مدد کر سکتا / سکتی ہوں؟

یہاں پر جانیں کہ آپ سیکھنے میں کس طرح اپنے بچے کی مدد کر سکتے ہیں


کاپی رائٹ© دی بیل ایجوکیشنل ٹرسٹ لیمیٹڈ (دی بیل فاؤنڈیشن کے نام سے کام کر رہا ہے) اکتوبر 2020